

# باب 5

# پیغام پھیلانا

4537CH05


اسکول کی تقریبات دل چسپ ہوتی ہیں لیکن ان کے لیے بہت ساری تیاری اور منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے۔ہم چاہتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ہمارے پروگرام کے بارے میں جانیں اور اس میں شرکت کریں۔ دوسروں سے بات کرنا پیغام پہنچانے کا ایک طریقہ ہے لیکن پوسٹر، دعوت نامے اور آن لائن پیغامات بھی اکثر کسی تقریب کی معلومات عام کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

ایک پوسٹر یا دعوت نامے کا صرف خوب صورت نظر آنا ہی کافی نہیں ہوتا بلکہ اس میں دی گئی معلومات کو یاد رکھنا بھی آسان ہونا چاہیے۔

پوسٹر اہم موضوعات کی یاد دہانی کے لیے بھی استعمال کیے جاتے ہیں جیسے سڑک پر تحفظ، ذاتی تحفظ، صفائی ستھرائی، تغذیہ اور تندرستی، اچھی عادتیں اور اسکول کے اصول وغیرہ۔

ایک خوب صورت ڈیزائن میں تیار کیا گیا پوسٹر کسی شخص کے خیالات اور رویے پر اچھا اثر ڈال سکتا ہے۔

یہ باب آپ ڈیزائن کے کچھ بنیادی اصولوں سے متعارف کراتا ہے جن کی مدد سے آپ کسی بھی موضوع پر ایک موثر اور پرکشش پوسٹر تیار کر سکیں گے۔ یہ اصول آپ کے پوسٹر کو خوب صورت اور پُرکشش بنانے میں مدد دیں گے۔




© NCERT not to be republished

## پوسٹر بنانے کے بنیادی اصول




پوسٹر ایسے پیغامات پر مشتمل ہوتے ہیں جو معلومات فراہم کرتے ہیں اور بیداری پیدا کرتے ہیں۔ یہ تصاویر اور الفاظ کا امتزاج ہوتے ہیں، جو فوراً ہماری توجہ حاصل کرتے ہیں اور اہم باتوں کو جلد اور مؤثر انداز میں پہنچاتے ہیں۔

اس صفحے پر موجود پوسٹروں کو دیکھیے:

- مختلف پوسٹروں میں استعمال ہونے والے ایک جیسے عناصر کو پہچانیں۔
- ہر پوسٹر کا خاص پیغام سمجھنے میں آپ کو کس چیز سے مدد ملتی ہے؟
- ہر پوسٹر میں سب سے پہلے آپ کی نظر کس چیز پر پڑتی ہے؟ آپ اسے سب سے پہلے کیوں دیکھتے ہیں؟




© NCERT not to be republished

پوسٹر کم سے کم الفاظ میں موثر طریقے سے معلومات پہنچاتے ہیں۔ اس میں الفاظ اور تصویروں کی ترتیب ڈیزائن کے اصولوں پر مبنی ہوتی ہے۔ یہ اصول ہمیں بہتر طریقے سے اور زیادہ پُراثر ڈیزائن بنانے میں مدد کرتے ہیں۔

نمایاں کرنا (Emphasis) ایک ایسا اصول ہے جس میں کسی ایک چیز کو باقی کے مقابلے میں زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔ دیکھنے والے کو یہ سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ تصویر اور الفاظ کا خاص پیغام کیا ہے۔

- پوسٹر میں اس تصویر یا تحریر کی نشاندہی کیجیے جو سب سے زیادہ نمایاں ہے۔
- اسے کس طرح سے نمایاں کیا گیا ہے؟
- درج ذیل باتوں پر غور کیجیے:
  - اس کا سائز بڑا ہے۔
  - اس کا رنگ یا پوسٹر دوسرے حصّوں کے مقابلے زیادہ چمک دار یا دل کش ہے۔
  - انڈر لائن یا نمایاں کیا گیا ہے۔

پوسٹر میں کسی چیز کو نمایاں کرنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟




© NCERT not to be republished

اہمیت کی ترتیب (Order of Importance) بھی ڈیزائن کا ایک ضروری اصول ہے۔ مثال کے طور پر اخبار میں مختلف خبریں مختلف سائز میں لکھی جاتی ہیں۔ بڑی اور موٹی سرخیاں پہلے پڑھی جاتی ہیں۔ کم اہم خبروں کے لیے چھوٹا فونٹ استعمال کیا جاتا ہے۔

اگر پوسٹر کسی گمشدہ جانور کے بارے میں ہو تو جانور کی تصویر کے لیے زیادہ جگہ دی جاتی ہے اور اس کے بعد 'گمشدہ' جیسے الفاظ کو نمایاں کیا جاتا ہے۔ یہ دونوں چیزیں دیکھنے والے کی فوری توجہ حاصل کرتی ہیں۔ جب کہ مالک کے رابطے کی معلومات ضروری ہوتی ہیں، لیکن انھیں کم جگہ دی جاتی ہے۔

کسی بھی پوسٹر کو غور سے دوبارہ دیکھیے اور اس میں شامل مختلف عناصر کے درمیان اہمیت کی ترتیب کو پہچاننے کی کوشش کریں۔ دیکھیے کہ کون سا عنصر سب سے زیادہ نمایاں ہے، کون سا کم اور کون سا سب سے کم اہمیت کا حامل ہے۔




© NCERT not to be republished

دیے گئے پوسٹر میں اہمیت کی ترتیب پہچانیے اور لکھیے۔



## سرگرمی 5.1 پوسٹر بنائیے

نمایاں کرنے اور ترتیب کی اہمیت کے اصول استعمال کرتے ہوئے اپنا ایک پوسٹر بنائیے۔

**پہلا قدم** ایک ایسا پیغام منتخب کیجیے جو آپ اپنے دوستوں تک پہنچانا چاہتے ہیں۔مثال کے طور پر کلاس کی صفائی، سڑک پر تحفظ یا روزمرہ کی صفائی یا صحت کا خیال۔

**دوسرا قدم** جن تصویروں کو شامل کرنا ہے ان کا انتخاب کیجیے اور پھر ان کا سائز طے کیجیے۔

**تیسرا قدم** اپنے پیغام کے لیے ایک محاورہ یا جملہ لکھیے۔استاد سے کہیے کہ وہ املا اور قواعد چیک کریں۔

**چوتھا قدم** تصویروں اور الفاظ کی اہمیت کی ترتیب طے کیجیے۔کون سی چیز سب سے اہم ہے اور کون سی کم اہم۔

**پانچواں قدم** ایک ابتدائی خاکہ (Layout) بنائیے اور طے کیجیے کہ پیغام کہاں لکھا جائے گا اور اس کے لیے کتنی جگہ چاہیے ہوگی۔

**چھٹا قدم** اپنے ابتدائی خاکے (Layout) کو دیکھیے اور غور کیجیے کہ کیا سب سے اہم حصہ نمایاں ہے؟ کیا وہ سب سے پہلے آپ کی توجہ حاصل کرتا ہے؟ کیا آپ کی نظر خاکے پر اسی ترتیب سے پڑتی ہے جو آپ نے طے کی ہے؟

**ساتواں قدم** ایک A3 شیٹ لیجیے اور چاروں طرف 3 سینٹی میٹر کا حاشیہ کھینچیے۔ پھر سیدھی لائنیں کھینچیے تاکہ الفاظ کو صاف اور سیدھا لکھ سکیں۔

**آٹھواں قدم** اپنے خاکے کے مطابق تصویریں بنائیے، تفصیلات شامل کیجیے اور پوسٹر میں رنگ بھریے۔

© NCERT not to be republished

یہاں اپنے پوسٹر کا ابتدائی خاکہ (Layout) بنائیے۔

© NCERT
not to be republished

ڈیزائن کے اصول صرف پوسٹروں میں نہیں بلکہ اشتہارات میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔

پرانے اخبار یا رسالے سے چھوٹے اشتہارات کاٹیے۔انھیں یہاں چسپاں کیجیے۔غور کیجیے کہ اشتہار میں کس چیز کو زیادہ نمایاں کیا گیا ہے ان عناصر پر نشان لگائیے۔





© NCERT not to be republished

## جائزہ

| باب 5 – پیغام پھیلانا | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سی جی | سی | آموزشی ماحصل | استاد | خود |
| 1 | سی-1.1 | ایسے پوسٹر بنانا جو روزمرہ کی زندگی کے مسائل یا واقعات سے متعلق ہوں۔ | | |
| 2 | سی-2.1 | پوسٹر بناتے وقت ڈیزائن کے اصولوں کا استعمال کرنا۔ | | |
| 3 | سی-3.2 | پوسٹر بنانے کے دوران مختلف واقعات کو مدِنظر رکھتے ہوئے کام کی منصوبہ بندی کرنا۔ | | |
| | | کلاس میں مجموعی طور پر شرکت۔ | | |

© NCERT not to be republished



استاد کے مشاہدات: ______________________________

______________________________

______________________________

دیگر تاثرات: ______________________________

______________________________

______________________________

## تکمیلی جائزہ

| | جائزے کی سرگرمی (مثال) | جائزہ کا معیار |
|---|---|---|
| انفرادی | کسی گھریلو تقریب کے لیے ایک دعوت نامہ تیار کیجیے جیسے نئے گھر کی خوشی، پیدائش کی خوشی، شادی، سالگرہ یا کوئی اور خاص موقع۔<br>• کارڈ کے سائز کے بارے میں غور کیجیے۔<br>• یہ طے کیجیے کہ کارڈ کس شکل میں ہوگا (صرف ایک طرف، دونوں طرف، یا تہہ والا)<br>• بارڈر ڈیزائن بنائیے۔<br>• تقریب سے متعلق تصویریں یا خاکے بنائیے اور انہیں کارڈ میں مناسب جگہ پر لگائیے۔<br>• دعوت نامے کے لیے ایک اچھا سا پیغام سوچیے۔ | • تقریب کے لحاظ سے کارڈ کے سائز اور انداز کی مناسبت۔<br>• ڈیزائن کے اصولوں کا استعمال۔<br>• تصویر اور تحریر کے درمیان تعلق۔<br>• صفائی اور کام کا مکمل ہونا۔ |
| گروپ | چار بچوں کا ایک گروپ بنائیے اور بڑے سائز کی ایک تصویر تیار کیجیے (چارٹ پیپر کا سائز [11×8.5 انچ])۔<br>• کوئی ایسی کہانی منتخب کیجیے جس میں ایک خیالی جاندار ہو۔<br>• کہانی پر بات کیجیے اور اس میں سے ایک منظر منتخب کیجیے۔<br>• اس منظر کو تین حصوں میں بانٹ لیجیے جن میں سامنے کا منظر، درمیان کا منظر اور پس منظر شامل ہو۔<br>• اپنی کہانی کا مرکزی کردار بنائیے اور منظر میں باقی چیزیں بھی شامل کیجیے۔<br>• اپنا فن پارہ بناتے وقت مختلف چیزیں اور طریقے استعمال کیجیے، جیسے: کولاژ، ڈرائنگ، پینٹنگ اور پرنٹنگ۔<br>• اپنا مکمل کیا ہوا کام سب کو دکھائیے اور دوسرے گروپوں کا کام بھی دیکھیے اور اس پر بات کیجیے۔ | • خیالی جاندار والی کہانی کو اچھی طرح تصور میں لانا اور دکھانا۔<br>• منظر کی ترتیب میں سامنے، درمیان اور پس منظر کا استعمال کرنا۔<br>• مختلف سامان، اوزار اور طریقے استعمال کرنا (جیسے: کولاژ، ڈرائنگ، پینٹنگ، وغیرہ)<br>• دوسرے گروپوں کے کام کا جائزہ لینا اور ان پر رائے دینا۔ |

© NCERT not to be republished